
# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 4 کے لئے



# ٹیچر کیلئے نوٹ

- کہانی اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں' جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلا س میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں' کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔

# سیشن 1

20 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ وہ کتاب پڑھیں اور یہ بتائیں کہ یہ کتاب کس کے بارے میں ہے۔
  - کتاب کی پڑھائی سے پہلے کتاب میں سے مشکل الفاظ اور ان کے معنی بورڈ پر لکھیں اور جملوں میں استعمال کر کے سمجھائیں۔
  - بچے مشکل الفاظ / معنی کو پی میں لکھیں۔

| الفاظ | معنی |
|---|---|
| اودھم مچانا | بہت شور یا ہنگامہ کرنا |
| بے دلی | دل نہ چاہنا |
| گپیں | جھوٹی سچی باتیں |
| چھجے | چھت / کھڑکی یا دروازے کے اوپر آگے بڑھا ہوا حصہ |
| دھیان | خیال |
| مطمئن | سکون سے ہونا |
| تندرست | اچھی صحت والا |
| صحن | گھر میں کھلی جگہ |

10 منٹ

- 8 - 6 بچوں سے کہانی کا الگ الگ حصہ باری باری پڑھوائیں۔ کہانی پڑھتے وقت اگر کسی بچے کو پڑھنے میں مشکل ہو تو اس کی مدد کریں۔

10 منٹ

- بچوں کو اپنے بارے میں بتائیں کہ آپ کتنے بہن بھائی ہیں؟ کیا بچپن میں شرارتی تھے یا سنجیدہ؟ کیا خود بھی بچپن میں شرارتیں کرتی تھیں؟

## گھر کا کام

5 منٹ

- اپنے امی یا ابو سے ان کے بچپن کی کسی شرارت کا قصہ سنیں اور اسے اگلے دن کے لئے لکھ کر لائیں۔

# سیشن 2

10 منٹ

- 10 - 8 بچوں سے باری باری گھر کا کام کلاس میں پڑھوائیں۔
- بچوں کو مختلف قریبی رشتوں کے بارے میں بتائیں۔

15 منٹ

- بچوں کو ان کی اپنی مثال دے کر رشتے سمجھائیں۔
- جن بچوں کے ابو امی ایک ہوتے ہیں وہ **بہن / بھائی** ہوتے ہیں۔
- آپ اپنے ابو امی کے **بیٹا / بیٹی** ہیں۔
- آپ کے ابو کے ابو آپ کے **دادا** اور ابو کی امی آپ کی **دادی** ہیں۔
- آپ کی امی کے ابو آپ کے **نانا** اور آپ کی امی کی امی آپ کی **نانی** ہیں۔
- آپ اپنے دادا دادی کے **پوتا / پوتی** ہیں اور اپنے نانا نانی کے **نواسے / نواسی** ہیں۔
- آپ کے ابو کے بڑے بھائی آپ کے **تایا** اور چھوٹے بھائی آپ کے **چچا** ہیں۔
- آپ کے ابو کی بہن آپ کی **پھوپھی** ہیں۔
- آپ کی امی کے بھائی آپ کے **ماموں** اور امی کی بہن آپ کی **خالہ** ہیں۔
- بھائی کے بچے **بھتیجا / بھتیجی** ہیں۔
- بہن کے بچے **بھانجا / بھانجی** ہیں۔
- آپ کے ابو / امی کے بہن / بھائی کے بچے آپ کے **کزن** (cousin) ہیں اور اپنے رشتے کے نام سے پہچانے جاتے ہیں۔ مثلاً :


تایا زاد بہن / بھائی　　چچا زاد بہن / بھائی　　پھوپھی زاد بہن / بھائی
ماموں زاد بہن / بھائی　　خالہ زاد بہن / بھائی

15 منٹ • بورڈ پر مثال دے کر سمجھائیں کہ خاندان کا شجرہ (family tree) کیسے بنتا ہے۔

- بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کوپی میں یہ شجرہ اتاریں۔

- بچوں سے کہیں کہ احمد کی جگہ اپنا نام لکھیں۔ بھائی بہن کی جگہ اپنے بھائی بہن کا نام لکھیں۔

### احمد کا خاندان




## گھر کا کام

5 منٹ • امی / ابو کی مدد سے اپنے دادا / دادی، ابو / امی اور باقی سب رشتہ داروں کے نام family tree میں لکھ کر لائیں۔

# سیشن 3

15 منٹ • 8 - 6 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کرائیں۔ مشکل الفاظ پڑھنے میں ان کی مدد کریں۔

25 منٹ • بچوں سے پوچھیں کہ انہیں کون سے کام کرنا اچھا لگتا ہے اور کیا کام کرنا اچھا نہیں لگتا۔

- بچوں سے کہیں کہ ہم گنتی کر کے دیکھتے ہیں کہ کون سا کام بچوں کو کرنا اچھا لگتا ہے اور کون سا اچھا نہیں لگتا۔ گنتی tally لگا کر کریں۔ (tally گنتی کا ایک طریقہ ہے جس میں ہر بچے کی گنتی کے لئے ایک لائن ڈالی جاتی ہے۔ چار لائن کے بعد پانچویں کے لئے ایک لائن چاروں لائنوں کو کروس کر کے لگائی جاتی ہے۔) مثلاً :

| کام | اچھا لگتا ہے | اچھا نہیں لگتا |
|---|---|---|
| بہن / بھائی کو تنگ کرنا | ~~IIII~~ ~~IIII~~ II | ~~IIII~~ III |
| total | = 12 | = 8 |

- بورڈ پر 3 کولم بنائیں۔ ایک کولم میں لکھیں **کام**' دوسرے میں لکھیں **اچھا لگتا ہے** اور تیسرے میں لکھیں **اچھا نہیں لگتا**۔

| کام | اچھا لگتا ہے | اچھا نہیں لگتا |
|---|---|---|
| دیر تک سونا | | |
| بہن / بھائی کو تنگ کرنا | | |
| بازار سے چاٹ کھانا | | |
| کہانی کی کتاب پڑھنا | | |
| رات کو جلدی سونا | | |
| اپنا کمرہ صاف کرنا | | |
| دودھ پینا | | |
| صبح کا ناشتہ کرنا | | |

- بچوں سے ہر کام کے بارے میں الگ الگ پوچھیں۔ ہر بچے کا جواب سن کر **اچھا لگتا ہے** یا **اچھا نہیں لگتا** کے کولم میں tally لگائیں۔

- دونوں کولم میں tallies گنیں۔ بچوں سے بھی گنوائیں اور نمبر لکھتی جائیں۔

- گنتی سے پتہ چل جائے گا کہ پسند کے لحاظ سے بچوں کو کون سا کام سب سے زیادہ اور کون سا سب سے کم اچھا لگتا ہے۔

## گھر کا کام

5 منٹ
- سیشن 1 میں جو مشکل الفاظ دیئے گئے تھے ان سے املا کی تیاری کر کے آئیں۔

# سیشن 4

10 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی نکالیں اور املا کرائیں۔

10 منٹ
- املا کی اصلاح کرائیں۔
  - بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
  - جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
  - بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
  - بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کر کے نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

15 منٹ
- کتاب میں سے چند الفاظ بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ ان الفاظ کے جملے بنائیں۔ ممکنہ الفاظ یہ ہو سکتے ہیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| شام | خوشی | گھڑی | جلدی | ڈانٹ |
| بارش | اجازت | چشمہ | سالگرہ | دودھ |

5 منٹ | • بچوں کے بنائے ہوئے جملے کلاس میں پڑھوائیں۔ جن جملوں میں اصلاح کی ضرورت ہو وہاں اصلاح کریں اور بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

## گھر کا کام

5 منٹ | • اپنی ڈرائنگ کوپی، crayon یا کلر پنسل لے کر آئیں۔

# سیشن 5

40 منٹ | • بچوں سے کہیں کہ اپنی ڈرائنگ کوپی، crayon یا کلر پنسل نکالیں۔

- بچوں سے کہیں اپنا گھر بنائیں اور گھر میں جو لوگ رہتے ہیں ان کی تصویریں بنائیں مثلاً : بہن بھائی، چچا چچی، امی ابو، دادا دادی، خالہ خالو وغیرہ۔ ہر تصویر پر لکھیں کہ یہ کون ہیں۔
- بچوں کا کام سوفٹ بورڈ پر ڈسپلے کریں۔

## گھر کا کام

5 منٹ | • گھر سے کتاب پڑھ کر آئیں۔

# سیشن 6

30 منٹ | • نیچے دیئے گئے سوال بورڈ پر لکھیں۔ بچے ان کے جواب کتاب سے پڑھ کر اپنی کوپی میں لکھیں۔

(1) مغلانی بی روزانہ گھر کیوں آتی تھیں؟
(2) نانا ابا پڑھائی سے بچنے کے لئے کیا کرتے تھے؟
(3) ابو کو حساب کے پیریڈ میں کیوں سزا ملی؟ سزا ملنے کے دوران وہ کیا کرتے رہے؟
(4) ماموں جان بچپن میں کس چیز کے چور تھے؟ دوست کے گھر جانے کے لئے انہوں نے کیا شرارت کی؟
(5) دادی اماں کی جنگلی بلی کس وجہ سے تندرست ہو گئی؟

15 منٹ

- کتاب میں دیئے گئے واحد الفاظ چن کر بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے ان الفاظ کی جمع پوچھیں اور الفاظ کی درست جمع بورڈ پر لکھیں۔

- بچے یہ کام اپنی کوپی میں لکھیں۔

| الفاظ | جمع |
|---|---|
| سہیلی | سہیلیاں |
| کمرہ | کمرے |
| چشمہ | چشمے |
| سزا | سزائیں |
| کیری | کیریاں |

| الفاظ | جمع |
|---|---|
| ڈبا | ڈبے |
| گھڑی | گھڑیاں |
| جیب | جیبیں |
| غسل خانہ | غسل خانے |
| گھنٹی | گھنٹیاں |

# بڑے جب چھوٹے تھے

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk